الجامعة البنورية العالمية

دار الافتاء والقضاء

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name :	**Taha Siddiqui**	Serial No :	**29659**	MODE: **Urgent**
Address :	**Peshawar**	Date :	**11/8/2016**	
Subject :	**Malomat**	Contact No:		
Writer :	محمد کاشف قمر	Email :		

asalam alikum , ak lrka hai ab wo phly lrki tha us k bary my swl pouchna tha mjy wo bachpan he sy lrkon ki tarhan tha or time k sth sth us my chaning any lagi body my. dari muchy nikal ny lagi or zaheritor pr lrka dykhta tha .internal my ak orgen b hai jo k male orgen ki tarhan hai par wo full complete orgen ni qk us k sth testical ni hai . or usk female orgen not functional hai or uska chromosomes xx46 female my aty hai . pr usko ak bemari b hai by birth gender identity disorder ki. jo k brain ki bemari hai .jis my ak lrki khd ko lrka samjhti hai . but is case my usko disorder b hai or wo zahertor par lrka b dykhti hai or is bemari ki wajh sy do dafa suicide b kiya hai qk is bemari ki wajh sy insan normal lagta hai pr wo hota ni hai naormal .or doctor ny kaha hai is bemari ka ilaj hai do tarikon sy . operations (surgerys) ya psychiatrist k pass jay . or jb psychiarist k pass gya to kaha hai k operation he ilaj hai is ka duniya ki koi medicines ya psychiarist thk ni kr sakta qk ye barin ki bemari hai or gharwaly us ko . accept ni kr rahy qk usko wo kahty hai lrki ki tarfa jao jo b hai .par doctor psychiarist ny b kaha is ka ilaj operation hai but kuch doctors ny kaha usk gharwaln ko jo ap ki mariz hai wo kary .pr us ko wo bemari hai .par wo khd par experiment ni krna chahta hai. or us ko ghar sy b nikal diya hai .or ye is liya history likha raha hun qk ap ko pata lag jay k masla kya hai us k sath or is history ko samjh kr ap usko fatwa dijiyaga . or my us lrkay ki pics b send kr raha hun ab wo asia dykhta hai . plz jald reply dijiya ga . shukiry SAWAL?
1Q: kya uska operation karwna jais hai k nai.uski halt dykha kar? 2Q:kya usko ghar sy nikal na jais hai k na?

ایک لڑکا ہے اب وہ پہلے لڑکی تھا اس کے بارے میں سوال پوچھنا تھا مجھے.
وہ بچپن ہی سے لڑکوں کی طرح تھا اور ٹائم کے ساتھ ساتھ اس میں جسمانی تبدیلی آنے لگی
باڈی میں، داڑھی مونچھیں نکلنے لگی اور ظاہری طور پر لڑکا دکھتا تھا، اندرونی طور پر
ایک عضو تناسل بھی ہے جو مردوں کی طرح ہے، پر وہ مکمل عضو نہیں ہے خصیتین کے
بغیر ہے، اور اس کے زنانہ عضو بھی فنکشنل نہیں ہے، اس کا کروموسومس XX46 فیمیل
میں آتا ہے پر اس کو ایک بیماری بھی ہے جو کہ دماغ سے متعلق ہے جس میں ایک
لڑکی خود کو لڑکا سمجھتی ہے، اس بیماری کی وجہ سے دو دفعہ اس نے خودکشی کرنے کی کوشش
کی ہے کیونکہ اس بیماری کی وجہ سے انسان نارمل لگتا ہے لیکن ہوتا نہیں ہے، ڈاکٹر
کا کہنا ہے کہ اس کا علاج دو طرح کا ہے آپریشن یا ماہر نفسیات معالج کے پاس جائے،
اور جب ان کے پاس گئے تو کہا ہے کہ آپریشن ہی ہے اس کو دنیا میں کوئی دوا
یا ماہر نفسیات ٹھیک نہیں کرسکتا لیکن گھر والے اس بات کو نہیں مانتے، اور
اس سے کہتے ہیں کہ تم لڑکیوں کی طرح رہا کرو، بالآخر گھر والوں نے اس کو گھر سے
نکال دیا ہے، (1) کیا اس کو آپریشن کروانا جائز ہے کہ نہیں اسکی حالت دکھا کر؟
(2) کیا اس کو گھر سے نکالنا جائز ہے کہ نہیں؟

نوٹ: جواب صفحہ کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں

الجواب حامداً ومصلیاً

صورت مسئولہ میں مذکور لڑکے میں اگر مردانہ علامات زیادہ ہوں اور اکثر بیشتر عادات مردوں جیسی ہوں تو اس صورت میں اگر آپریشن کے ذریعہ اس کے عضو تناسل کو کارآمد اور فعال بنایا جاسکتا ہو اور پیشاب بھی عضو تناسل سے کرتا ہو تو آپریشن کرکے اس کے عضو تناسل کو کارآمد بنانا جائز ہے، اور اگر زنانہ علامات زیادہ ہوں اکثر بیشتر عادات بھی عورتوں جیسی ہوں تو اس صورت میں عضو تناسل کو زائد عضو ہونے کی وجہ سے آپریشن کرکے ختم کرنا بھی جائز ہے، البتہ ایک جنس کی علامات غالب ہونے کے باوجود ان علامات کو ختم کرکے جنس تبدیل کرنا ناجائز اور حرام ہے جس سے احتراز لازم ہے۔

كما قال الله تعالى: لا تبديل لخلق الله ذلك الدين القيم۔ (سورة الروم آية ٣٠)۔

وفي الجامع لأحكام القرآن: قال عكرمه وروى عن ابن عباس رضي الله عنهما وعمر ابن الخطاب رضي الله عنه ان المعنى لا تغيير لخلق الله من البهائم ان تخصى فحولها، فيكون معناه ان النهي عن خصاء الفحول من الحيوان۔ (ص ۲۳ جز ۱۲)۔

وفي صحيح البخاري: عن ابن عباس قال: لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم المتشبهين من الرجال بالنساء والمتشبهات من النساء بالرجال۔ (ج ۲ ص ۸۷۴)۔

وفي الهندية: إذا أراد الرجل أن يقطع اصبعا زائدة أو شيئا آخر (الى قوله) وان كان الغالب هو النجاة فهو في سعة من ذلك. الخ (ج ۵ ص ۳۶۰) ـــــ والله أعلم بالصواب

محمد کاشف قمر عفی عنہ وعن والدیہ
دارالإفتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۸/۲/۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان [illegible]
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۸/۲/۱۴۳۸ھ

دار الإفتاء
۲۹۶۵۹
۱۴۳۸/۲/۲۸ھ

نائب رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

عطسی [illegible]
29-11-16